پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ (پونچھ) آزادکشمیر

☆☆☆☆☆

﴿نیلام عام﴾

اشتہار برائے نیلامی ریسٹ ہاؤس در کمرشل کمپلیکس بلاک B پبلک ہاؤسنگ اسکیم راولاکوٹ

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہیکہ پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ زیر تعمیر ریسٹ ہاؤس واقع منگ روڈ نزد پولیس آفس (ون فائیو) سیکنڈ فلور کمرشل کمپلیکس بلاک B پبلک ہاؤسنگ اسکیم راولاکوٹ جس کا کورڈ ایریا 9383 مربع فٹ ہے۔ مورخہ 07 دسمبر 2023ء بوقت 11:00 بجے دن بذریعہ نیلام عام در دفتر پی ڈی اے ڈسٹرکٹ کمپلیکس راولاکوٹ فروخت کرنا چاہتا ہے۔ خواہش مند حضرات کو نیلامی / بولی میں شرکت کیلئے مقررہ تاریخ سے ایک روز قبل تک درخواست معہ بینک ڈرافٹ /CDR مبلغ -/25,00,000 (پچیس لاکھ) روپے (قابل واپسی) بنام چیئرمین پی ڈی اے دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ تمام CDRs موقع پر واگزار کردی جائیں گی۔ بروشر جو کہ بولی کی شرائط/ٹوکن وغیرہ پر مشتمل ہے دفتری اوقات کار میں دفتر پی ڈی اے سے مبلغ =/5000 روپے (ناقابل واپسی) میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ صرف ٹوکن کے حامل افراد ہی بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے۔ مجاز اتھارٹی کو بمطابق AJK PPRA RULE No.33 کوئی ایک یا تمام درخواستیں منظور یا مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ بولی دھندگان قواعد وضوابط کے پابند ہونگے۔ (نوٹ۔ اشتہار ہذا AJK PPRA کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر دستیاب ہے۔

شرائط

۱۔ نیلامی پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قواعد وضوابط کے تحت ہوگی۔

۲۔ تاریخ نیلامی کو بوقت 10:00 بجے دن تک ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے کیلئے زرضمانت بمطابق درج بالا تفصیل کال ڈیپازٹ، بینک ڈرافٹ، پے آرڈر بنام چیئرمین پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ ہمراہ نقل شناختی کارڈ ودرخواست فارم جمع کروانا لازم ہوگا۔

۳۔ ریزرو پرائز بوقت نیلام عام بتائی جائے گی۔

۴۔ نیلامی کی رقم پر رائج الوقت ٹیکس ہا مقرر کردہ شرح کے مطابق ادا کرنا ہوں گے جو نیلامی کی رقم کے علاوہ ہوں گے۔

۵۔ بولی میں حصہ لینے والے امیدوار دفتر پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی آکر پہلے بلڈنگ کی نوعیت دیکھ سکتے ہیں۔ بولی جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔ بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

۶۔ پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بغیر وجہ بتائے نیلامی منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

مہتمم تعمیرات/چیئرمین نیلامی کمیٹی

پرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی راولاکوٹ

فون نمبر۔ 05824-920142